سید محمد کفیل بخاری کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

مدیر ماہنامہ نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری نے ماہ مارچ میں درج ذیل مقامات کا تنظیمی و تبلیغی دورہ کیا اور مختلف اجتماعات سے خطاب اور تنظیمی اجلاسوں میں شرکت کی۔ نیز حضرت امیر الاحرار سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم کے حکم پر مرکزی دفتر لاہور کے علاوہ دیگر تنظیمی امور بھی نمٹائے

یکم مارچ تا ۴، مارچ ۱۹۹۹ء لاہور مرکزی دفتر میں قیام، احباب احرار لاہور کے دو تنظیمی اجلاسوں میں شرکت اور نہایت اہم امور پر مشاورت

۴، مارچ کی شام جناب میاں محمد اویس صاحب کے ہمراہ لاہور سے چناب نگر روانگی اور دو روزہ شہداء ختم نبوت کانفرنس میں شرکت۔

۶، مارچ کو جناب صوفی غلام اکبر صاحب کے ہمراہ چناب نگر سے بھکر پہنچے اور شب قیام بھکر۔

۷، مارچ بعد از ظہر بھرمی چراغ شاہ (بھکر) میں تبلیغی جلسہ سے خطاب، بعد العصر جناب غلام اکبر کے ہمراہ بھکر سے تلہ گنگ روانہ ہوئے اور رات ۲ بجے تلہ گنگ پہنچے۔

۸، مارچ کو مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے مرکز، مسجد سیدنا ابوبکر صدیق میں کارکنان احرار کا اجلاس، شہر میں مختلف احباب سے ملاقات اور بعد نماز عشاء جلسہ سے خطاب۔

۹، مارچ کو تلہ گنگ سے لاہور کے لئے روانہ ہوئے اور ۹، ۱۰ دو دن جدید دفتر احرار واقع نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں ہی قیام کیا۔ اس دوران کارکنان احرار کے دو اہم اجلاسوں میں شرکت کی۔ اور نئے دفتر کے نظم و نسق کے علاوہ دیگر تنظیمی اموز نمٹائے۔ ان اجلاسوں میں جناب چودھری محمد ظفر اقبال ایڈووکیٹ (صدر احرار لاہور) جناب ملک محمد یوسف، جناب میاں محمد اویس، مولانا محمد یوسف احرار، جناب شاہد بٹ، جناب چودھری محمد اکرام اور دیگر احباب و کارکنان نے شرکت کی۔

۱۱، اور ۱۲ مارچ کو ملتان میں قیام کیا۔

۱۳، مارچ کو انتہائی اہم تنظیمی امور کی انجام دہی کے لئے تیسری مرتبہ لاہور روانہ ہوئے۔

۱۴، مارچ کی شام کارکنان احرار کی معیت میں حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں ان کی قیام گاہ بیگم روڈ لاہور پر حاضر ہوئے۔ حضرت سے ملاقات و دعاء کے بعد دفتر احرار واپس آ گئے۔

۱۴، اور ۱۵ مارچ کو لاہور ہی میں قیام رہا اور ۱۶ مارچ کو ملتان واپس آ گئے۔

۲۱، مارچ کو ملتان سے جھنگ کے لئے روانہ ہوئے۔

بعد از ظہر چاکالی مال موضع اصحابہ ضلع جھنگ میں مجلس احرار اسلام کے مرکز مدرسہ فاروقیہ میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کیا۔ مدرسہ کے مہتمم جناب قاری محمد اصغر عثمانی صاحب نے لاہور سے مولانا محمد یوسف

احرار، محمد اکمل احرار اور مسجد احرار چناب نگر سے مولانا محمد مغیرہ کو بھی مدعو کیا تھا۔ ان حضرات نے بھی اجتماع سے خطاب کیا، جناب حافظ محمد اکرم صاحب نے نعت سنائی۔

جلسہ کے اختتام پر ٹوبہ ٹیک سنگھ روانہ ہوئے اور جماعت کے مرکز مسجد معاویہ میں نماز عصر اداء کی، جناب حافظ محمد اسمٰعیل سے ملاقات کے بعد کمالیہ پہنچے، کچھ دیر محترم حافظ محمد صدیق صاحب کے ہاں قیام کے بعد چیچا وطنی پہنچے۔ نماز مغرب اور عشاء یہیں اداء کیں۔ مرکزی ناظم نشر و اشاعت محترم عبداللطیف خالد چیمہ، محترم آصف چیمہ صاحب، مدرسہ ختم نبوت کے عملۂ اہتمام و انتظام، محترم رضوان الدین صاحب، سراج الدین صاحب اور دیگر احباب سے ملاقات و مشاورت کے بعد شب ۱۲ بجے ملتان پہنچے۔

۲۴، مارچ کو جامعہ گلزار المدارس میلسی میں ایک دینی اجتماع سے خطاب کیا اور مرکزی ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد اسحٰق سلیمی مدظلہ کے ہاں مدرسۃ العلوم الاسلامیہ گڑھا موڑ میں قیام کیا۔ ان سے تنظیمی امور پر مشاورت اور ہدایات لینے کے بعد واپس ملتان پہنچے۔

۲۶، مارچ کو شاہی جامع مسجد شجاع آباد میں اجتماع جمعہ سے خطاب کیا حضرت قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمہ اللہ کے نواسے قاضی قمر الصالحین کی دعوت پر مختلف احباب نے مجلس احرار اسلام میں شمولیت کا اعلان کیا۔

عید الاضحیٰ سے ایک روز قبل ۲۸ مارچ کو کگری کلاں تحصیل میلسی میں بعد از ظہر ایک دینی اجتماع سے خطاب کیا۔ مرکزی ناظم اعلیٰ حضرت مولانا اسحٰق سلیمی مدظلہ آپ کے ہمراہ تھے۔ حضرت نے بھی اجتماع سے خطاب فرمایا۔ حافظ محمد اکرم صاحب نے نعت سنائی۔

۶۔ اپریل کو مدرسہ معمورہ مہر پور ضلع مظفر گڑھ میں دینی اجتماع سے خطاب کیا۔ حافظ محمد اکرم آپ کے ہمراہ تھے۔

۹۔ اپریل کو مسجد ختم نبوت صادق آباد ضلع رحیم یار خان میں اجتماع جمعہ سے خطاب کیا۔ ۹۔ ۱۰ اپریل کو رحیم یار خان میں قیام کیا۔

کوسووو کے مظلوم مسلمانوں پر سربوں کے مظالم پر اظہار تشویش

مجلس احرار اسلام ملتان کی طرف سے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوسووو کے مظلوم مسلمان سرب دہشت گردوں کے مظالم کا شکار ہیں اور انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں۔ مجلس احرار اسلام ملتان نے مسلمانوں کے خلاف ہونے والی اس عالمی سازش کی شدید مذمت کی ہے اور بین الاقوامی سطح پر مسلم اُمہ کے خلاف عیسائیوں اور یہودیوں کے اتحاد اور کوسووو کے نہتے مسلمانوں پر ظلم و ستم کرنے پر شدید احتجاج کیا ہے۔

شیخ حسین اختر لدھیانوی ناظم نشر و اشاعت مجلس احرارِ اسلام ملتان